© rasailojaraid.com



قسط نمبر 2

مولانا انوارالحق صاحب
نائب مہتمم واستاذالحدیث جامعہ حقانیہ

# شہیدوں کے خون سے منور سرزمین افغانستان میں چار دن

طے شدہ پروگرام کے مطابق ۲۲ مئی بروز منگل ساتھیوں سمیت یونیورسٹی ٹاؤن میں واقع طالبان کے ہیڈکوارٹر ڈیڑھ بجے (۱/۲ ۱) ظہر کو پہنچے۔ دفتر کے مین دروازے پر ہی طالبان کے چاق وچوبند سادہ لباس میں ملبوث محافظین نے استقبال کرنے کے بعد ذمہ دار افراد کو ہمارے آنے کی اطلاع دی۔ حفاظت وسیکورٹی کے پیش نظر ہر داخل ہونے والے شخص کی تلاشی وغیرہ لے کر اندر جانے دیا جاتا ہے، چونکہ گیٹ پر موجود پہرہ دار اور انکے ساتھ موجود دیگر کارکنان میں اکثریت جامعہ حقانیہ کے طلباء کی تھی۔ انہوں نے ہمیں دیکھتے ہی دفتر میں داخلے کی رسمی کاروائی کو بھی ضروری نہ سمجھا۔ داخل ہوتے ہی نمائندگی کے ذمہ دار مولانا عبدالقدیر حقانی دیگر ساتھیوں کے ہمراہ اپنے دفاتر سے ہمارے استقبال کے لئے باہر نکلے۔ تمام ساتھیوں کا تعارف ان سے کرایا گیا۔ پندرھویں صدی ہجری میں روئے زمین پر قائم ہونے والے اس نوزائندہ خالص اور مکمل اسلامی حکومت کا ہیڈکوارٹر یونیورسٹی ٹاؤن پشاور کے بڑے بڑے عالیشان محلات، کوٹھیوں اور بنگلوں کے درمیان ایک چھوٹے سے سادہ مکان میں واقع ہے۔ ظاہربینی اور مادہ پرستی کے اس پرآشوب دور میں معمولی معمولی جماعتیں اور گروپس اپنے دفاتر قیمتی اور پرتعیش بنگلوں اور محلات میں صرف اسلئے قائم کرتے ہیں تاکہ لوگ مرعوب ہوکر متاثر ہوسکیں۔ مگر یہاں تو مقصد اور نصب العین ہی اعلائے کلمۃ اللہ اور رضائے الہیٰ کا حصول ہے۔ تو مکان بھی سادہ اور مکین بھی عجزوانکساری اور تواضع وللھیت کے مجسمے۔

دفتر کے تمام کمرے مجاہدین سے بھرے تھے۔ اگر کسی کمرہ میں جہاد کے دوران زخمی ہوکر علاج کے لئے آنے والے طالبان تھے تو کئی کمرے جہاد میں شرکت کے خواہشمند طلباء سے معمور تھے۔ ہر آدمی اپنے اندر ایک عجیب ساجوش وولولہ لیکر اپنے اپنے کام میں مگن تھا۔ ہر ایک چہرے پر طمانیت، جذبہ جہاد اور نورایمان کے آثار نمایاں تھے۔ مہمانوں کو کمرہ میں بٹھاکر مشروب



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سے تواضع کرنے کے بعد جلال آبادروانگی کیلئے ایک فلائینگ کوچ کا بندوبست پہلے سے کیا گیا تھا۔ روانگی سے پہلے طالبان نے ہر مہمان کو ایک خصوصی پگڑھی بندھوائی یہی پگڑھی طالبان کی وہ خصوصی اور امتیازی نشانی ہے جو کفر اور کافرانہ نظام کے حامیوں کے لئے خوف ، دہشت اور رعب کی علامت بن چکی ہے ۔ یہیں سے جامعہ حقانیہ کے افغانی مدرس مولانا سید احمد شاہ برخوردارم حافظ سلمان الحق سلمہ اور برخوردارم حافظ عرفان الحق سلمہ اور حافظ ارشدعلی شاہ بھی قافلہ میں شامل ہوئے ۔ قریباً تین بجے ظہر تمام ساتھی فلائینگ کوچ میں بیٹھ کر وہاں پر موجودطالبان اور ان کے بعض رہنما جو مجاہد طلباء کی رخصتی پر معمور تھے کے اجتماعی دعوات کے ساتھ پشاور سے روانہ ہوئے ۔ درہ خیبر کے تاریخی راستے کو عبور کرنے کے بعد پاک افغان سرحدطورخم پہونچے ۔ وائرلس کے ذریعہ افغان سرحد پر موجود منتظمین اور مجاہد طلباء وپہرہ دینے والوں کو ہمارے آمد کی اطلاع ہوچکی تھی ۔ ابھی ہمارے گاڑی کا ڈرائیور جو خود بھی ایک تجربہ کار مجاہد، کئی خطرناک معرکوں میں شرکت کرچکا تھا ۔ پاکستانی حکام کے پاس گاڑی کے کاغذات کے اندراج وغیرہ سرکاری امور نمٹانے میں مصروف تھا ۔ کہ سرحد پر لگے ہوئے زنجیر کے دوسرے طرف افغان چوکی وسرحد کے ذمہ دار مولوی امام الدین ( جوکہ حقانیہ سے فراغت اور تخصص بھی کرچکے تھے ) بمع ڈیوٹی پر موجود طلباء کے استقبال کیلئے پاک سرزمین آکر مہمانوں کو خوش آمدید کہا ۔ سرحد پار کرنے کے امورمیں ڈرائیور سے تعاون کرکے چند منٹ میں فارغ ہوکر افغانستان کی اس سرزمین میں ( جوسولہ لاکھ سے زیادہ شہداء کی خون سے رنگین ہوکر اسکے ثمرات اب مکمل اسلامی نظام کی شکل میں ظاہر ہورہے ہیں ) داخل ہوگئے پاکستان اور افغانستان اسلامی اخوت اور بھائی چارے کے ایسے لازوال رشتے میں منسلک ہیں کہ اسکی ایک جھلک ہم نے طورخم کے بارڈر پر دیکھی ۔ سرحد پر موجود پاکستانی وافغانی حکام آپسمیں محبت ، خندہ پیشانی اور تعاون سے ہر مسئلہ حل کرکے " انما المومنون اخوۃ " کا حقیقی مظاہرہ کرتے رہے ۔ ایسا نظر ہی نہیں آتا کہ یہ دو مختلف ملکوں کے مختلف حکام ہیں ۔ بلکہ ایک ہی جسد اور جسم کے مختلف اعضاء معلوم ہوتے ہیں ۔

افغانستان کی سرزمین پر قدم رکھتے ہی ایک عجیب ساسرور محسوس ہونے لگا جسکا اظہار بزبان قلم ممکن نہیں ۔ اسکی وجہ سب ساتھیوں بلکہ پوری دنیا کے مسلمانوں کی یہ خواہش کہ اش اپنی آنکھوں سے کبھی ایسا خطہ دیکھنے کا موقع نصیب ہو جہاں حقیقی اسلام کا نظام ہو ۔

بحمدللہ افغانستان کی سرزمین میں داخل ہوکر وہ تمنا پوری ہوتی نظر آئی ۔ سرحد کے دونوں طرف



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



چہل پہل سینکڑوں افغانی اپنے وطن میں داخل ہورہے ہیں بے شمار پاکستان کی طرف آرہے ہیں۔ ہر ایک کے جذبات واحساسات میں اسلامی انقلاب کے آثار وبرکات نمایاں تھے۔ افغان سرحدی حکام مہمانوں کو اپنے دفتر جو گمرگ یعنی (محصول کی ادائیگی کی جگہ کے نام سے موسوم ہے۔) لے گئے۔ یہی وہ افغانستان کی سب سے پہلی سرحدی چوکی ہے جو کسی زمانہ میں کمیونسٹوں کی آماجگاہ اور اسلامی نظام کے آرزومند کے لئے خوف ودہشت کا مرکز اور ایک غریب افغانی کے لئے اسمیں داخلہ شجرہ ممنوعہ کی حیثیت رکھتی تھی۔ طالبان اور اسلامی نظام کے طفیل ایک دینی مرکز کی حیثیت اختیار کرکے داخل ہوتے ہی ہر طرف دیواروں پر قرآنی آیات اور جہاد واسلامی نظام مملکت پر مشتمل آیات واحادیث لکھے ہوئے نظر آتے ہیں، نہ حاکمانہ رعب داب اور نہ جابرانہ جاہ جلال ہر کمرہ میں انتہائی سادگی سے طالبان فرش پر بیٹھ کر اپنے فرائض کے ادائیگی میں منہمک رہ کر عام وخاص سے انتہائی خندہ پیشانی سے ملتے ہیں۔ کسی قسم کی رکاوٹ نہیں۔

نمازعصر کا وقت داخل ہوچکا تھا اسی گمرگ ہی میں جماعت سے نماز اداکی اور طالبان کے اصرار پر چائے پینے کے بعد مجاہدین اسلام کے مزید کامیابیوں کے لئے دعوات کرکے جلال آباد کی طرف روانہ ہونے کا قصد کیا۔ طورخم سے آگے بین الاقوامی شاہرہ کے ابتدائی دوچار کلومیٹر ٹوٹے ہوئے اور بقیہ جلال آباد تک سڑک افغانستان کے دیگر تباہ حال شاہراہوں کے مقابلہ میں بہتر ہے۔ یہیں سے ایک حقیقی واسلامی مملکت کے مقدس حصے کا سفر شروع ہوچکا تھا۔ استاذالحدیث حضرت مولانا سیدشیرعلی شاہ صاحب جو کہ طالبان کے تحریک میں ابتداء سے ان کے ساتھ شامل رہ کرکئی اہم مواقع پر بھی شریک رہے۔ افغانستان کے حالات طالبان کے جہاد پر عجیب وغریب واقعات اپنے خاص انداز میں سنا کر ہم سب شرکائے سفرکو محظوظ فرماتے رہے۔ قریباً آدھا سفر کرنے کے بعد صوبہ ننگرہار کے سرسبزوشاداب اراضی کے قطعات سڑک کے دونوں جانب نظر آنے لگے۔ گندم کے کٹائی میں ابھی پندرہ بیس دن باقی تھے تاحد نظر گندم کی اعلیٰ فصل جواپنے عروج پر تھی۔ سبزقالین کی شکل میں چاروں اطراف بچھی ہوئی تھی۔ معلوم ہوا کہ اس قدر بہترین گندم پہلے اس علاقہ میں کبھی پیدا نہیں ہوئی یہ صرف اور صرف اسلامی نظام کے نفاذہی کا نتیجہ ہے جسکا فائدہ نہ صرف انسانوں کو امن وسکون کی شکل میں ملا بلکہ اسکے اثرات کھیتوں اور باغوں میں بھی ظاہر ہوئے۔ کچھ دیر سفر کرنے کے بعد زیتون جسے قرآن کریم نے ”شجرہ مبارکہ“ کے نام سے موسوم فرمایا ہے کے بڑے بڑے باغات کا سلسلہ شروع ہوا۔ چاروں اطراف قطاردرقطار زیتون کے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سرسبز درخت ایک عجیب منظر کی شکل میں شریعت مطہرہ کے برکات پر گواہی دے رہے تھے جبکہ بعض واقفین حال سے معلوم ہوا کہ کسی زمانہ میں جلال آباد جو صوبہ ننگرہار کا ہیڈکواٹر ہے کئی میل باہر اردگرد کا علاقہ زیتون کے پیداوار کا مرکز رہا، مگر کمیونسٹوں اور ان کے بعد ان کے اعمال پر عمل پیرا قوتوں کے ظلم وجبر اور خونریزی کے نتیجہ میں یہ غیر ذی عقل قیمتی باغات اور فصل بھی ویرانے کی صورت اختیار کرکے آثار قدیمہ کی شکل اختیار کرچکے تھے۔ کسی زمانہ میں زیتون کے دانوں کو محفوظ کرنے والا بہت بڑا کارخانہ جو کھنڈرات میں تبدیل ہوچکا تھا طالبان نے آمد کے بعد دوبارہ اسکے تباہ شدہ حصوں کی مرمت کرکے اسکو چالو ہونے کے قابل بنادیا تھا۔

ساتھی یہ منظر دیکھنے میں ایسے محو ہوگئے تھے کہ وقت اور سفر کے طول کا پتہ ہی نہ چل سکا اور مغرب کے نماز کا وقت داخل ہوا ارادہ تو یہی تھا کہ صلوۃ مغرب جلال آباد ہی پہونچ کر ادا کریں گے۔ مگر طالبان کے اقتدار میں آنے کے بعد احکام الہیہ کے نفاذ کا ایسا مضبوط سلسلہ شروع ہوچکا ہے کہ نماز کا وقت داخل ہوتے ہی سارا نظام معطل ہوکر تمام لوگ اس اہم فریضہ کے ادائیگی کی طرف متوجہ ہوجاتے ہیں اور وہاں کے ہر شہری کی طبعیت ایسی بن چکی ہے کہ نماز کے وقت کسی دوسرے کام کی تکمیل اسکے لئے ناممکن ہوجاتی ہے۔ وقت داخل ہوتے ہی سڑک کے کنارہ ایک کچی اور چھوٹی سی مسجد کے قریب ہمارے ڈرائیوار نے گاڑی روک دی۔ ہر طرف زیتون کے باغات ان کے درمیان پانی کی نہر جاری تھی، ساتھیوں نے وضو وغیرہ سے فراغت کرکے اس مسجد میں نماز جماعت سے اداکردی، اس دوران سڑک سے گزرنے والے ہر قسم کی ٹرانسپورٹ کی سواریاں رک کر اس جماعت میں شامل ہوتے رہے۔ نماز سے فارغ ہوکر پندرہ بیس منٹ سفرکرنے کے بعد جلال آباد کے حدود شروع ہوئے، اندھیرا چھاجانے کیوجہ سے شہر کے قریب گرد نواح تو واضح نہ ہوسکے مگر نزدیک ہونے پر شہر کی روشنیاں نظر آکر رفقاء کے جوش وخروش اور خوشی میں اضافہ فطری عمل تھا کہ وہ سب عملی اسلامی مملکت کے اولین سرحدی شہر میں داخل ہورہے تھے۔ ہمارے آمد کی اطلاع صوبہ کے گورنر اور ڈپٹی گورنر کو دی گئی تھی اس لئے ہم جلال آباد میں پہونچتے ہی سیدھے صوبہ ننگرہار کے سرکاری مہمان خانہ جسے "میلمستون" کہتے ہیں داخل ہوئے۔ مہمان خانہ کے منتظمین جو تمام کے تمام طلباء تھے ہمیں خوش آمدید کہنے کے بعد کمروں میں آرام کرنے لے گئے کچھ ہی دیر بعد صوبہ کے نائب گورنر مولانا صدراعظم فاضل حقانیہ کو ہمارے آنے کی اطلاع ہوئی تو وہ مہمان خانہ پہونچ گئے۔ ان کو عصر سے ہمارے آمد کا انتظار تھا۔ ہمیں اپنے درمیان پاکر بے حد خوش ہوئے۔ کھانے کے انتظام میں خود مصروف ہوئے۔ اس



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



دوران ان کو اپنے درمیان بٹھا کر افغانستان کی تازہ ترین حالات جسکے جاننے کے لئے ہم سب بے چین تھے ان سے معلوم کرنے کا سلسلہ شروع ہوا ۔ افغانستان کے وسیع وعریض خطہ پر پھیلے ہوئے مملکت کے چپہ چپہ کے حالات وواقعات انتہائی تفصیل اور وضاحت سے بیان کرنے لگ گئے ۔ ان کی باتوں میں ایک تجربہ کار عالم، مجاہد کمانڈر اور مشاق ماہر میدان حرب کے خصوصیات باتم درجہ موجود تھے ۔ چونکہ حالات وواقعات وہ پشتو میں سنا رہے تھے اور بعض ساتھی پشتو سے ناواقف تھے ان کو اردو میں سمجھانے کی ذمہ داری یہاں میں نے اپنے ذمہ لی ۔ تمام رفقاء ان کے توکل علی اللہ، اعتماد، انداز گفتگو اور سیاسی فہم وفراست سے بے حد متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکے ۔ گفتگو اور عشاء کی نماز پڑھنے کے بعد طالبان نے فرش پر دسترخوان بچھا کر کھانا رکھنے کے بعد دعوت طعام دی ۔ کھانے میں بھی وہی شرعی سادگی نہ بے جا اسراف وتکلف اور نہ وہ شاہانہ وحاکمانہ ٹھاٹھ بھاٹھ جو ہمارے جیسے غریب پسماندہ اور اسلام کے نام پر حاصل کئے گئے حکمرانوں کے ہاں ہر وقت موجود رہتی ہے ۔ کھانے کے دوران بھی انہوں نے تحریک طالبان کے اسرار ورموز اور طالبان کے خلاف عالمی سازشوں پر بھرپور روشنی ڈالی ۔ اس دوران ان سے یہ بھی معلوم ہوا کہ جلال آباد کے گورنر مولانا عبدالکبیر فاضل دارالعلوم حقانیہ ہمارے آمد کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لئے تین بار مہمان خانہ کی چکر لگاکر غزنی کے والی جناب ملا یار محمدخان کے ساتھ اس وقت کسی دوسرے جگہ بعض اہم مسائل کے سلسلہ میں مصروف گفتگو تھے، ہمارے آمد کی اطلاع پاکر انہوں نے مصروفیات معطل کرکے ہمارے پاس آنے کا فون پر ارادہ ظاہر کیا مگر ہمارے اس اصرار پر کہ آپ کے مسائل ہمارے ملاقات سے اہم اور ہم بھی سفر کے تھکن کیوجہ سے آرام کرنا چاہتے ہیں، کل ملاقات ہوگی ۔ ان کو مہمان خانہ آنے سے اس وقت منع کردیا ۔ مولانا صدراعظم بھی جبتک ہم اپنے کمروں وبستروں میں استراحت کیلئے پہونچے نہ تھے خدمت کے لئے موجود رہے ۔ ساتھیوں کے باربار اصرار پر ان کو اپنے معمولات جاری رکھنے کے لئے مہمانہ خانہ سے رخصت کردیا ۔

۲۳ کی صبح بندہ وساتھی نماز کے بعد آرام کے غرض سے لیٹ گئے، قریباً گھنٹہ بعد مولوی احمدشاہ نے آکر مجھے اطلاع دی کہ گورنر مولوی عبدالکبیر حقانی کافی دیر سے مہمان خانہ آکر ملاقات کے انتظار میں کمرہ سے ملحقہ برآمدہ میں تشریف فرماہیں ۔ باہر نکل کر ان سے ملاقات ہوئی ۔ دوسال پہلے جامعہ حقانیہ میں دورحدیث کے طالب علمی کے دوران چہرے پر جو سنجیدگی، متانت، خاموشی اور وقار وفہم وتدبر کے اوصاف نمایاں تھے، اتنے اہم صوبہ کے اہم عہدہ پر فائز ہونے کے بعد اسمیں مزید اضافہ ہوچکا تھا ۔ اساتذہ کے آمد کو اپنے اور ساتھیوں کیلئے اعزاز سمجھتے ہوئے باربار شکریہ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ادا کرتے رہے ان دنوں صوبہ ننگرہار سے ملحق صوبہ کنڑمیں بعض شرپسندوں نے علم بغاوت بلند کرکے طالبان کے اسلامی حکومت کو ناکام بنانے کے لئے سراٹھانے کی کوشش کی اس شورش کو ختم کرنے کی ذمہ داری بھی طالبان کے ارباب حل وعقد نے مولانا عبدالکبیر حقانی کے سپردکردی تھی، صرف یہی نہیں بلکہ جلال آباد پاکستان سے متصل قبائلی علاقہ خیبر ایجنسی سے بھی بعض افغانی انقلاب دشمن قوتوں نے جلال آباد پر حملہ آورہونے کی کوشش کی ۔ اتنے اہم محاذوں پر نبردآزما ہونے کے باوجود مولانا کے چہرے پر کسی قسم کے پریشانی، بے چینی اور اضطراب کے آثار نہ تھے ۔ بلکہ اللہ کے ذات پر کامل اعتماد اور کلمۃ اللہ کی سربلندی کے عزم جیسے محکم عقائد کے اسلحہ سے مسلح ہوکر وہ اور ان کے ساتھی ہر محاذ پر مخالفین کو دندان شکن شکست دینے کے لئے ہر وقت مستعد تھے اور یہی ہواکہ ہمارے جلال آباد میں چند گھنٹوں کی موجودگی کے دوران اطلاعات موصول ہوئے کہ ہر دومحاذوں پر دشمن خائب وخاسر ہوکر پسپائی اختیار کرنے پر مجبور ہوا ۔ مہمان خانہ ہی میں مولانا کے ساتھ بیٹھ کر چائے وناشتہ کا سلسلہ مکمل ہوا ۔ تمام ساتھی اسی دوران باری باری مولانا سے افغانستان کے جہادی حالات اور تازہ ترین واقعات کے بارے میں سوالات کرتے رہے ۔ وہ نہایت مدلل اورپراعتماد انداز سے ہرایک کی تسلی وتشفی فرماتے رہے ۔ ابتدائی ملاقات ہی میں بندہ نے ان کو اسی دن کابل روانگی کا بتایا ۔ وہ ماننے کیلئے تیار نہ تھے ۔ کہنے لگے دوتین دن تو میرے ساتھ جلال آباد میں رہ کر اطمینان سے اس ولایت اور اس سے ملحقہ ولایات میں آپ حضرات کو اسلامی نظام کے تنفیذکی جھلک دکھائی ہے ۔ مگر ہمارے تدریسی وبعض دیگر مصروفیات جیسے اعذارکا سنکر انہوں نے اس شرط پر اس دن کابل روانگی کی اجازت دی کہ میں خود آپ کو لیکر جلال آباد کے تاریخی وجہادی مقامات دکھانے کے بعد ظہرانہ میرے ساتھ تناول کرکے پھر کابل بعد از ظہر جانا ہوگا ۔ ہم نے ان کی تجویز سے اتفاق کرلیا ۔ ناشتہ سے فراغت کے بعد برادر محترم حضرت مولانا فضل الرحیم صاحب نے والی سے تخلیہ میں گفتگو کرنے کی خواہش کا اظہار کرکے بندہ حضرت مولانا فضل الرحیم اور مولانا عبدالکبیر صاحب ایک الگ کمرہ میں بیٹھ گئے ۔ افغانستان کے تعمیر نو، تعلیم وتربیت اور بعض دیگر اہم مسائل پر سیرحاصل بحث ہوئی ۔

جلال آباد کے اہم مقامات دیکھنے کیلئے مولانا عبدالکبیر صاحب کی سرپرستی میں نوبجے مہمان خانہ سے روانہ ہوئے ۔ شہر کے درمیان سے نکل کر کچھ اونچائی پر ایسی جگہ گئے جہاں زیر زمین پانی کی وافر مقدار کو جمع کرکے اس سے تمام شہر کو پانی کی سپلائی کی جاتی ہے ۔ مولانا عبدالکبیر نے بتایا کہ طالبان کے جلال آباد کاکنٹرول سنبھالنے سے پہلے یہ نظام بھی بری طرح متاثر ہوچکا تھا ۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



یہاں پر موجود محکمہ آب نوشی کے طالب منتظم نے اس پراجیکٹ کے خصوصیات اور افادیت پر ہمیں تفصیلی بریفنگ دی۔ یہاں سے فراغت کے بعد درختوں اور باغات کے درمیان گھرے ہوئے ایک ایسے کارخانے کی جانب ہم گئے جہاں پر زیتون اور بعض دیگر پھلوں کو جدید طریقے سے محفوظ اور مختلف شکلوں میں تبدیلی جیسے عمل کے ذریعہ ان کو تادیر قابل استعمال بنایا جاتا ہے۔ اس کارخانہ کے نزدیک پہلے سے موجود اعلیٰ نسل کے گایوں کا ایک بہت بڑا فارم تھا۔ افغانستان کی ناگفتہ حالات کی وجہ سے یہ تمام جدید کارآمد منصوبے اپنی افادیت کھوچکے تھے۔ طالبان نے اپنے آمد کے بعد جہاں پر علاقے کا سکون بحال کردیا وہاں معطل اداروں کو دوبارہ فعال بنانے کے لئے اپنے محدود وسائل اور بے پناہ مشکلات کے باوجود ہمہ تن توجہ دے کر جہاں ممکن ہوسکا ادارے بحال کردیئے۔ یہاں سے ذرا دور جاکر ایسے وسیع وعریض علاقہ میں جاپہونچے جو طالبان کی فوجی چھاؤنی تھی۔ یہاں پر ہر قسم کے ٹینک درست حالت میں دشمن کے ہر قسم کارستانیوں کا مقابلہ کرنے کے لئے صف بستہ کھڑے تھے۔ اسکو استعمال میں لانے کے لئے درویشانہ لباس میں ملبوس عمامے پہنے ہوئے ٹینکوں کو چلانے والے ماہر طالبان اپنے کمانڈر کے اشارے پر ہر دشمن اسلام پر عقاب کی طرح حملہ آور ہونے کے لئے ٹینکوں کے قریب خیمہ زن تھے۔ اپنے والی کے حکم پر ایک طالب نے ٹینک کو سٹارٹ کرکے ہمیں اسکے اوپر بیٹھنے کے لئے بلایا۔ ہم سب ٹینک کے اوپر بیٹھ گئے۔ جدید جنگی کرتبوں سے واقف ٹینک چلانے والے طالب نے وسیع وعریض میدان میں اس انداز سے ٹینک چلاکر ہم سب کو حیران بلکہ خوفزدہ کردیا۔ کہ جدید جنگی مشقوں میں ماہر تربیت یافتہ فوجی بھی اس مہارت سے ٹینکوں کو اپنے استعمال میں نہیں لاسکتا۔ یہ شبہات ووسوسے ختم ہوئے کہ طالبان جن کا کام صرف چٹائیوں پر بیٹھ کر قرآن وحدیث کا سیکھنا اور سکھانا ہے۔ جدید جنگی آلات کو کیسے استعمال میں لاتے ہیں؟ بلکہ عقیدہ اور بھی مضبوط ہوا۔ کہ ایک مومن کامل جب اللہ پر پختہ یقین واعتماد کے سہارے اعلائے کلمۃ اللہ کی غرض سے دشمن کے مقابلہ میں کمربستہ ہوجائے تو اللہ اپنے وعدہ " ان تنصراللہ ینصرکم " کے مطابق اس کے لئے ٹینک چلانا کیا بلکہ اس سے مشکل ترین آلات حرب کا استعمال بھی سہل فرمادیتا ہے۔ اس کے بالکل قریب ایک اور فوجی علاقہ تھا۔ جسکے بارے میں مولوی عبدالکبیر صاحب سے پوچھنے پر معلوم ہوا کہ یہ سویت یونین کے خلاف لڑنے والے سابقہ جہادی قوتوں میں سے ایک حزب کے مجاہدین اور انکے کمانڈر کے زیر کنٹرول ایک قسم کی فوجی چھاؤنی ہے۔ جنہوں نے طالبان کے جلال آباد آمد کے بعد طالبان کی حمایت کرکے ان کو امن وسکون کی بحالی اور " شریعت مطہرہ " کے نفاذ میں ہر قسم کی تعاون کی نہ صرف زبانی یقین



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



دہانی کرائی بلکہ اس کا عملی مظاہرہ بھی کیا۔ جس پر ان کو طالبان حکومت کے جاری کردہ احکامات کے اندر رہتے ہوئے اپنی سابقہ حالت پر بحال رکھا گیا۔ یہ دیکھ کر اسلامی نظام سے خائف قوتوں کا یہ پروپیگنڈہ بھی لغو ثابت ہوا کہ طالبان خواہ مخواہ افغانستان میں اقتدار کے دلدادہ اور خون خرابے کے خواہشمند ہیں۔ بلکہ ثابت ہوا کہ طالبان کے اسلامی ایجنڈا کو جن قوتوں، کمانڈروں اور گروپوں نے تسلیم کرکے ان کے ساتھ تعاون کیا۔ طالبان نے ان کو سینے سے لگاکر نہ صرف خوش آمدید کہا بلکہ ان کو شریک اقتدار بھی کردیا۔

اب باری آئی افغانستان کے مفلوک الحال اسلام کے متوالوں اور اسکے نفاذ کے لئے سردھڑ کی قربانی دینے کے لیے تیار رعایا کے وسائل اور خزانوں پر عیش کرنے والوں کے عیش کدے دیکھنے کا۔ وقت کی کمی کے باعث صرف ظاہر شاہ کے زمانہ کا والی خانہ یعنی گورنر ہاؤس پہونچے۔ وسیع وعریض اراضی پر پھیلے ہوئے محل کے اردگرد بڑے بڑے لان بنائے گئے۔ اس دور کے سب سے زیادہ ترقی یافتہ ملک کے ایوان صدر کا اطلاق اگر اس پر کیا جائے مبالغہ نہ ہوگا۔ اصل میں نام ونہاد اسلامی ممالک کے قریباً سبھی عوام کی یہ بدقسمتی ہے کہ ان کے ارباب اقتدار اپنے اسلامی شعائر اور سادگی کو چھوڑنے کے بعد غریب اور لپسے ہوئے عوام کے کمائی اور وسائل کو اپنے لئے شیرمادر سمجھ کر اس پر عیاشی کرنا اپنا استحقاق سمجھتے ہیں۔ طالبان کا معاملہ بالکل حقیقی شرعی حکومت کے مطابق اور دنیا کے خطے پر پھیلے ہوئے اسلامی ممالک کے ارباب اختیار کے برعکس ہے۔ طالبان نے اس محل کو مقفل رکھ کر امور حکومت چلانے کے لئے ایسے جگہوں کا انتخاب کیا ہے جہاں ہر خاص وعام کی رسائی ممکن ہو۔ جسمیں شاہانہ رعب، بے جا اسراف اور تکبر وافتخار کا شائبہ تک نہ ہو۔ ایسے کئی اور نشانات ومکانات دیکھے جو اپنے سابقہ مکینوں کے عیاشانہ زندگی کے گواہ بن کر آئندہ نسلوں کیلئے سامان عبرت کا نظارہ بنے ہوئے تھے۔ واپس جاتے ہوئے راستہ میں غزنی کے گورنر جناب یار محمد خان صاحب سے جو مولوی عبدالکبیر اور ہمارے ملاقات کے خواہشمند تھے ملاقات ہوئی۔ سارے مہمانوں پر مشتمل یہ قافلہ مہمان خانہ کی طرف روانہ ہوا، وہاں پہونچ کر دوپہر کے کھانے سے فراغت کے بعد مولانا عبدالکبیر سے کابل روانگی کی اجازت مانگ لی۔ دوگاڑیوں کا بندوبست پہلے سے کیا گیا تھا۔ والی صاحب بمع سارے رفقاء ہمیں رخصت کرنے سواریوں تک آئے اور ہم ایک بجہ ظہر ہم کابل روانہ ہوئے۔

(باقی آئندہ انشاء اللہ)



© rasailojaraid.com